شاعر رسول کی تعریف کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ آپ دنیا میں بھی سارے انسانیت کے رہبر ہیں اور آخرت میں بھی شفاعت کریں گے۔ آپ انسانی صفات کی ایک زندہ مثال ہیں۔ آپ کبھی غار حرا میں اقراء کی منزل پر ہوتے ہیں یا کبھی آسمانوں میں اسری کی منزل پر اللہ سے ہم کلام کر رہے ہوتے ہیں، جہاں آج تک کسی کی رسائی نہیں ہوئی ہے۔ آپ کی زبان سے نکلا ہوا ہر لفظ حکمت کا سرچشمہ ہے۔ آپ کے دل میں اگر کوئی خواہش چھپی ہوئی ہوتی ہے تو اللہ تعالیٰ اسے پوری کروا دیتا ہے۔ آپ کو پہچاننے سے اللہ کی پہچان ہوتی ہے۔ بندوں کو خدا سے جوڑنے کا واسطہ آپ ہی ہیں۔ بدر اور احد کی جنگوں کی کامیابیوں سے یہی ثابت ہوا کہ آپ جدھر ہیں حق (اللہ) بھی ادھر ہی ہے۔ جس قافلہ کے امیر آپ ہیں، وہ قافلہ قیامت کے دن تک ہرگز بھٹک نہیں سکتا۔ یعنی جس نے سنت کی پیروی کی، وہ ہرگز گمراہ نہیں ہو سکتا۔ اے ملت کی کشتی کو پار لگانے والے، ملت کی کشتی بھنور میں پھنسی ہوئی ہے۔ آپ آگے آئے اور ملت کو دوبارہ راہ راست پر لائیے۔ شاعر کو اس بات کا یقین ہے کہ میدان حشر میں اللہ کے رسول، حوض کوثر کے پاس جلال کو یہ کہہ کر بلائیں گے کہ اے میری تعریف کرنے والے تم میرے پاس چلے آؤ۔

کمزور طلباء کے لئے:

- اللہ کے رسول کی تعریف بیان کرنے کو نعت کہتے ہیں۔
- جلال کڑپوی 1919ء میں آندھرا پردیش کے کڑپہ میں پیدا ہوئے۔
- اقراء کے معنی پڑھو اور اسراء کے معنی رات کا سفر کرنا ہے۔
- رسول کو پہچاننے سے خدا کی پہچان ہوتی ہے۔
- امیر کارروان سے مراد رسول اللہ ہیں۔
- بدر کا میدان مدینہ سے قریب ہے۔

AKWA ACADEMY

Kindly Send me Your Key Answer to Our email id - Padasalai.net@gmail.Com

مساوات -(مولانا شبلی نعمانی)

مولانا شبلی نعمانی 1857ء میں اعظم گڑھ میں پیدا ہوئے۔ علی گڑھ مسلم یونیورسٹی میں سولہ سال تک تدریسی خدمات انجام دیتے رہے۔ سر سید احمد خان کے ساتھ رہنے کی وجہ سے ان کے اندر لکھنے کا شوق پیدا ہوا۔ انہوں نے المامون اور سیرۃ النعمان نامی کتابیں لکھیں۔ آپ نے سیرت سے متعلق بہت سی کتابیں لکھیں۔ 18 نومبر 1914ء میں آپ کا انتقال ہوا۔

ایک دن مسلمانوں کے دوسرے خلیفہ حضرت عمر فاروق نے نمبر پر کہا کہ جو بھی کم میں دوں گا، کیا تم اسے منظور کرو گے۔ تو ایک شخص نے اٹھ کر کہا کہ ہمیں تمہارے انصاف میں کمی نظر آتی ہے، اس لئے ہم اے آپ کا کہا نہیں مانیں گے۔ اس شخص نے کہا کہ مال غنیمت میں سے جو چادریں آئی تھیں، وہ سب مسجد کے صحن میں تقسیم ہو گئیں۔ ان میں سب کو ایک ایک چادر آئی۔ اور آپ کے حق میں بھی ایک ہی چادر آئی تھی۔ مگر وہ چادر چھوٹی تھی اور تمہارا قد اونچا ہے اور ایک چادر سے تمہارا پورا جسم ڈھکا نہیں جا سکتا۔ ہو سکتا ہے تم نے مال غنیمت میں سے زیادہ چادر حاصل کر لی ہوں۔ تم نے اپنے لئے اپنے حصے سے زیادہ چادر لے لی ہے، اس لئے تم خلافت کے قابل نہیں ہو۔ حضرت عمرؓ نے فوراً اپنے فرزند حضرت عبداللہ ابن عمرؓ کو حقیقت بتانے کو کہا کہ تم ہی اس کا جواب دے سکتے ہو، ورنہ آخرت میں مجھے اللہ کو جواب دینا ہو گا۔ تو عبداللہ ابن عمر نے کہا کہ ایک چادر سے میرے والد کا پورا لباس نہیں بن سکتا تھا، اس لئے میں نے میرے حصے کی چادر بھی انہیں دے دی۔ اسی وجہ سے ان کا پورا جسم ڈھک رہا ہے۔ اس کے بعد اس شخص نے کہا کہ اے فاروق اعظم، اب مجھے اطمینان ہو گیا ہے۔ اب تم ہمیں جو بھی حکم دو، ہم ماننے کے لئے تیار ہو جائیں گے۔

کمزور طلباء کے لئے:

- ❖
- ❖
- ❖
- ❖
- ❖

AKWA ACADEMY

Kindly Send me Your Key Answer to Our email id - Padasalai.net@gmail.Com

انسانی حقوق - سید محی الدین حسینی یونس

اس مضمون کو لکھنے والے سید محی الدین حسینی ہیں۔ وانم باڑی میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم اسلامیہ بائز ہائر سکنڈری اسکول، وانم باڑی میں حاصل کی، اس کے بعد جامعہ دار السلام، عمر آباد میں تعلیم حاصل کی۔ فی الحال اسلامیہ بائز ہائر سکنڈری اسکول، میل و شارم میں درس و تدریس کے خدمات انجام دی رہے ہیں۔

انسانی حقوق کا تصور سب سے پہلے اسلام نے پیش کیا۔ معاشرے میں حقوق کا احترام اور تحفظ کا عملی نمونہ رسول اللہ نے پیش کیا۔ بعثت نبوی سے پہلے عرب بیوی، بچے اور معاشرت وغیرہ کو غیر ضروری سمجھتے تھے۔ ان کا حق ادا نہیں کرتے تھے۔ حضرت سلمان فارسی نے فرمایا کہ ہر حق دار کو اس کا حق ادا کرو۔ اسلام اللہ کے حقوق اور بندوں کے حقوق دونوں میں توازن رکھنے کو کہتا ہے۔ جہاں اللہ کا حق عبادت کے ذریعے ادا کیا جائے، وہیں اس کے بندوں کی خدمت کر کے ان کا بھی حق ادا کیا جائے۔ اسلام میں کسی شخص کو ایک دوسرے شخص پر رنگ کی بنیاد پر نسل کی بنیاد پر، عربی یا عجمی ہونے کی بنیاد پر کوئی فضیلت نہیں۔ اس کی بہترین مثال خانہ کعبہ میں اذان دینے کے لئے رسول اللہ ﷺ نے۔ حضرت بلال کا انتخاب کر کے قائم کی۔ اسلام لدین کی اطاعت، فرماں برداری اور ان کی خدمت پر زور دیتا ہے۔ ان کی خدمت کرنے پر جنت کی بشارت دی گئی ہے۔ والدین کے ساتھ نرمی سے گفتگو کی جائے۔ ان کی عزت اور اکرام کیا جائے۔ ان کے لئے مغفرت کی دعا کی جائے۔ رشتہ داروں کے حقوق کی ادائیگی صلہ رحمی کہلاتی ہے اور رشتہ داروں کے حق ادا نہ کرنے کو قطع رحمی کہتے ہیں۔ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ رشتہ توڑنے والا جنت میں نہیں جائے گا۔ اسلام بھائی بہنوں کے حقوق پر بھی زور دیتا ہے۔ بھائیوں کو چاہئے کہ وہ اپنی بہنوں کے لئے اپنے دل میں نرم گوشہ رکھیں۔ ان کے ساتھ احسان کا معاملہ کریں اور انہیں اپنے لطف و عنایات سے نوازیں۔ بھائی بہن کے میراث کی تقسیم میں ایک دوسرے کی حق تلفی نہ کریں۔ تیموں کے حقوق سے متعلق پیارے نبی کا فرمان یہ ہے کہ یتیم کی کفالت کرنے والا جنت میں میرے ساتھ یعنی رسول اللہ ﷺ کے ساتھ رہے گا۔ بیمار یا مریض کا سب سے پہلا حق یہ بنتا ہے کہ اس کی عیادت کی جائے۔ رسول اللہ نے فرمایا کہ جو شخص بیمار کی عیادت کرے گا، وہ جنت کے بالا خانوں میں ہو گا۔ اللہ تعالیٰ سے دُعا ہے کہ وہ ہمیں حقوق اللہ اور حقوق العباد ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

AKWA ACADEMY

Kindly Send me Your Key Answer to Our email id - Padasalai.net@gmail.Com

میٹھا انسولن (ذیابیطس) (مترجم-مولوی سید عبدالقادر عمری)

یہ مضمون تمل زبان سے لیا گیا ہے۔ اس کے مترجم مو ادی کار عبد القادر عمری ہیں۔ آپ نے ابتدائی تعلیم جامعہ دار السلام سے حاصل کی۔ تاحال اسلامیہ باس بازی سکنڈری اسکول، پرنام بٹ میں تدریسی خدمات انجام دے رہے ہیں۔

یہ سبق شکر کی بیماری سے متعلق ہے جسے ذیابیطس کہتے ہیں۔ یہ مرض بہت تیزی کے ساتھ دنیا میں پھیلتا جا رہا ہے۔ ہندوستان میں یہ سب سے آگے ہے۔ عالمی ادارہ صحت (WHO) کی ایک رپورٹ کے مطابق دنیا میں 34 لاکھ افراد اس بیماری کا شکار ہو کر موت کا نوالہ بن چکے ہیں۔ 2010ء کے مطابق ہندوستان میں ذیابطیس سے متاثر لوگوں کی تعداد پانچ کروڑ دس لاکھ تھی۔ جو 2030ء تک آٹھ کروڑ ستر لاکھ تک پہنچ جائے گی۔ ذیابیطیس کی مناسب دیکھ بھال نہ کئے جانے پر آنکھ، دل، گردے وغیرہ کے ناکارہ ہونے کا اندیشہ رہتا ہے۔ اس لئے اس کی جانچ کرکے مناسب علاج کر کے خون میں موجود گلوکوز کی مقدار کو صحیح مقدار میں رکھنا چاہئے۔ ذیا بیطیس کے تین اقسام ہیں۔ پہلی قسم جو انسولن پر منحصر ذیابیطیس ہے۔ دوسری قسم انسولن حرام ذیابیطیس ہے اور تیسری قسم ذیا بطیس کی علامت ظاہر ہونے والے مریض ہیں۔ انسولن ایک ہارمون ہے جو لبلبہ نامی ایک بے نالی دار غدود سے خارج ہوتا ہے۔ اس کے اندر لنگرہائے جزائر نامی خلیوں میں بیٹا خلیوں میں پایا جاتا ہے۔ کاربوہائڈریٹ کو ہضم کرنے کے لئے یہ بہت ضروری ہے۔ ورنہ وہ خون میں شامل ہو کر گلوکوز کی مقدار میں اضافہ پیدا کرتا ہے۔ آسکر منکوسکی اور جوسف وان میر نگ نامی دو جرمن سائنس دانوں نے کتے کے لبلے کو نکال دیا۔ وہ کتا ذیابیٹیس کے اضافے سے چند دنوں بعد وہ مر گیا۔ انہوں نے سب سے پہلے یہ ثابت کیا کہ شکر اور لبلبہ کے درمیان تعلق کو بتایا۔ ذیابیس پھیلنے والی بیماری نہیں ہے، مگر اس کا مکمل علاج ناممکن ہے۔ اناج کا کثرت استعمال ذہنی تناؤ، جسمانی محنت کی کمی وغیرہ اس کا سبب ہیں۔ انگریزی طریقہ علاج (ایلو پیتھی) کے علاوہ، معالجہ کے دیگر طریقے جیسے سدھا، آیورویدا، ہومیوتھی اور کو پنکچر کے ذریعہ بھی اسے قابو میں رکھا جا سکتا ہے۔ کچھ بھی ہو غذائی عادت پر قابو پاتے ہوئے، ترکاریوں اور پھلوں کا کثرت سے استعمال کر کے، ذہن کو بے جا تناؤ سے دور کر کے اور جسمانی ورزش کر کے ہم اس جان لیوا مرض پر قابو پا سکتے ہیں۔

AKWA ACADEMY

امام الہند مولانا ابوالکلام آزاد (ڈاکٹر یم سعید الدین)

ڈاکٹر یم سعید الدین کی پیدائش اکم جون 1979ء کو شہر وانمباڑی کے ایک علمی و مذہبی گھرانے میں ہوئی۔ آپ کے والد مولوی حافظ قمر الدین قاسمی شہر وانمباڑی کے جید علماء میں شمار ہوتے ہیں۔ آپ اسلامیہ کالج میں شعبہ اردو میں تاحال تدریسی خدمات انجام دے رہے ہیں۔

مولانا ابوالکلام آزاد 11 نومبر 1888ء کو مکہ معظمہ میں پیدا ہوئے۔ مولانا ابوالکلام آزاد کے والد کا نام مولانا خیر الدین تھا اور وہ علاج کے سلسلہ میں ہندوستان آئے اور یہیں بس گئے۔ مولانا آزاد کی ابتدائی تعلیم مکہ معظمہ میں ہوئی، بعد میں کلکتہ میں اعلی تعلیم حاصل کی۔ بچپن ہی سے مولانا آزاد نہایت ذہین تھے۔ جب مولانا نے کلکتہ میں انگریزوں کے ظلم و ستم اور مسلمانوں کی پستی دیکھی تو انہوں نے ہندوستان کی آزادی میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ انگریزوں سے ہندوستان کو آزاد کرانے میں مولانا کا نام ہمیشہ سر فہرست رہے گا۔ آزادی کے بعد مولانا ابوالکلام آزاد ہندوستان کے پہلے وزیر تعلیم بنے۔ مولانا آزاد نے UGC کی بنیاد رکھی۔ 1951ء میں کھڑک پور میں انسٹی ٹیوٹ آف ہائر ٹکنالوجی قائم کیا۔ 1952ء میں سکنڈری ایجوکیشن کمیشن قائم کیا۔ اعلی تعلیمی ادارے قائم کرنے کی فکر ہمیشہ رہی۔ انہوں نے قوم کو اعلی تعلیم دلانے کے لئے کئی انجمنیں، ادارے، کالج اور اسکول قائم کئے۔ مولانا آزاد نے 1903ء میں کلکتہ سے لسان الصدق نامی اخبار جاری کیا، مگر وہ چار ماہ بعد بند ہو گیا۔ شبلی نعمانی اور مولانا آزاد کی ملاقات 1905ء میں بمبئی میں ہوئی۔ وہ آزاد کو ندوہ لے آئے جہاں ایک زمانے تک رہے۔ شبلی نعمانی نے آزاد کو "الندوہ کا سب ایڈیٹر بنا دیا۔ 1912ء میں کلکتہ سے الہلال نامی رسالہ جاری کیا۔ مولانا آزاد کو خداداد تقریری صلاحیت حاصل تھی۔ آپ نے مسلمانوں کی پستی دیکھ کر ان کی ترقی کے لئے بے شمار تقریریں کیں۔ انگریزوں کے ظلم و ستم کے خلاف لوگوں کے اندر آزادی کے جذبہ کو بھڑکایا۔ آپ نے اس سلسلے میں نہ صرف تقریریں کیں، بلکہ تحریروں سے بھی لوگوں کے ذہنوں کو کھولا اس سلسلے میں انہیں کئی بار جیل کی سزا جھیلنی پڑی۔ مولانا آزاد کے خطوط کے مجموعہ کا نام "غبار خاطر" ہے۔ مولانا آزاد 1942 سے 1945 تک تین سال تک جیل میں بند رہے۔ ان تین سالوں میں انہوں نے اپنے دوستوں کو بے شمار خطوط لکھے۔ اُس وقت جیل سے خطوط بھیجنے کی اجازت نہیں تھی۔ مگر مولانا نے انہیں محفوظ رکھا اور بعد میں ان کی اشاعت کی۔ اس کے علاوہ ان کی کئی تصنیفات موجود ہیں۔ جن میں تحریک آزادی، مکاتیب مولانا آزاد، فلسفہ، آزادی ہند، مضامین ابوالکلام وغیرہ بہت مشہور ہیں۔ آپ نے قرآن کی تفسیر بھی لکھی جس کا نام ترجمان القرآن ہے، مگر وہ مکمل ہو نہ پائی۔ آپ کا انتقال 22 فروری 1958ء کو دہلی میں ہوا۔ ان کو بعد از مرگ بھارت رتنا ایوارڈ سے نوازا گیا۔

AKWA ACADEMY

Kindly Send me Your Key Answer to Our email id - Padasalai.net@gmail.Com

بابائے میزائیل-ڈاکٹراے پی جے عبدالکلام (کے-ارشاداحمد)

ڈاکٹرعبدالکلام-حیات اور کارنامے کے مصنف جناب کے۔ ارشاد صاحب ہیں۔ وہ میل وشارم میں پیدا ہوئے۔ فی الحال اسلامیہ بائس ہائر سکنڈری اسکول میں وشارم میں بطور ہیڈ ماسٹر اپنی خدمات انجام دیتے آرہے ہیں۔

بابائے میزائل کا پورا نام ڈاکٹر ابوالفاخر زین العابدین عبدالکلام ہے۔ آپ 15 اکتوبر 1931ء کو تمل ناڈو کے جزیرہ نما شہر رامیشورم میں پیدا ہوئے۔ آپ کی ابتدائی تعلیم رامیشورم یلمنٹری اسکول میں ہوئی۔ اس کے بعد راماناتھ پورم کے شوارلٹس ہائی اسکول میں تعلیم حاصل کی۔ سینٹ جوزف کالج ترچی سے اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے بعد مدراس انسٹی ٹیوٹ آف ٹکنالوجی سے امیرو ناٹک انجینئرنگ میں مہارت حاصل کی۔ حساب اور علم طبیعیات کی خصوصی دلچسپی نے ڈاکٹر عبدالکلام کو انجینئر بنادیا۔

ڈاکٹر عبدالکلام نے اپنے کیرئر کے شروع ہی میں ہندوستانی فوج کے لئے سب سے چھوٹا ہیلی کاپٹر ڈیزائن کیا۔ SLV کے ڈائرکٹر کے طور پر انہوں نے روہنی نامی خلائی گاڑی تیار کی اور اسے کامیابی کے ساتھ زمین کے مدار میں پہنچا کر ہندوستان کو خلائی کلب کا ممبر بنادیا۔ پرتھوی، ترشول، آکاش، ناگ اور اگنی نامی میزائل ڈاکٹر عبدالکلام کی نگرانی میں تیار کئے گئے تھے۔ نیوکلیائی اسلحہ پروگرام پر عمل کرتے ہوئے آپ نے ہندوستان کو ایک سوپر پاور ملک بنادیا تھا۔ ڈاکٹر عبدالکلام جولائی 1992 سے ڈسمبر 1999ء تک وزیر دفاع کے سائنسی مشیر اور DRDO کے ڈائرکٹر جنرل بھی رہے۔ بنگلور کے ISRO ہیڈ کوارٹرس کے ڈائرکٹر بھی رہے۔ یہی نہیں پولیو سے متاثر بچوں کے لئے کم وزنی مصنوعی ٹانگیں بنا کر ان معذور بچوں کی مدد کی۔

ڈاکٹر عبدالکلام کو تقریباً 30 اداروں سے ڈاکٹریٹ آف سائنس کی اعزازی ڈگریاں دی گئیں۔ انہیں پدم بھوشن، پدم وبھوشن اور بھارت رتن کے اعلیٰ ترین اعزازات سے بھی نوازا گیا۔ ہندوستان کے گیارھویں صدر بننے کا اعزاز بھی ڈاکٹر اے پی جے عبدالکلام کو ہے۔

ڈاکٹر عبدالکلام کا کہنا ہے کہ تین لوگ ایسے ہیں جن کی مدد سے معاشرے میں تبدیلی لائی جا سکتی ہے۔ پہلا اس کی ماں، دوسرا اس کا باپ اور تیسرا اس کا استاد۔ ونگس آف فائر، انڈیا 2020 اور مائی جرنی، ڈاکٹر عبدالکلام کی تصنیف کردہ کتابیں ہیں۔ 27 جولائی 2015 کو ڈاکٹر عبدالکام شیلانگ میں تقریر کر رہے تھے کہ اچانک ان کے دل کا دورہ پڑا اور وہ انتقال کر گئے۔ ان کی آخری آرام گاہ اپنے آبائی وطن رامیشورم میں موجود ہے۔

KKWA ACADEMY

حج اکبر - منشی پریم چند

کردار۔ منشی صابر حسین، عباسی، شاکرہ اور نصیر

منشی پریم چند اردو کے ایک مشہور افسانہ نگار گزرے ہیں۔ انہوں نے اپنے افسانوں کے ذریعہ سماج میں تبدیلیاں لائی ہیں۔ دو بیل، حج اکبر وغیرہ ان کے مشہور افسانے ہیں۔ افسانہ حج اکبر میں منشی پریم چند ایک شخص منشی صابر حسین کے گھر والوں کی کردار کی عکاسی کی ہے۔ منشی صابر حسین کی آمدنی بہت کم تھی اور ان کا خرچ بہت زیادہ تھا۔ ان کی بیوی کا نام شاکرہ تھا اور ان کی صرف ایک ہی اولاد تھی، جس کا نام نصیر تھا جو بالکل چھوٹا تھا۔ گھر میں کام کاج کے لئے اور بچے کو سنبھالنے کے لئے انہوں نے عباسی نامی دایہ کو اپنے گھر میں رکھا تھا۔

عباسی ایک غریب عورت تھی۔ دنیا میں اس کا کوئی نہ تھا۔ وہ صابر حسین کے گھر کام کاج کرکے اپنا گزارا کرلیتی تھی۔ نصیر سے اسے بہت محبت تھی اور اس کے بغیر وہ رہنا نہیں چاہتی تھی۔ شاکرہ، دایہ کو ہمیشہ شک کی نگاہ سے دیکھتی تھی۔ بازار سے سودا لاتے وقت کہیں اس نے کچھ نہ اٹھالیا، کہیں آٹے کو چھپا کر اپنی گھر نہ لے گئی، کہیں لکڑی چھپا کر اپنے گھر نہ لے گئی۔ ہمیشہ اس سے بری طرح سے پیش آتی تھی۔ ایک مرتبہ شاکرہ نے عباسی کو کچھ خریدنے کے لئے بازار بھیجا۔ دایہ بازار میں ایک مناظرہ دیکھنے میں محو ہوگئی۔ اس لئے اسے بازار سے لوٹتے دیر ہوگئی۔ شاکرہ نے دایہ کو بری طرح سے جھڑکا اور اپنے لڑکے نصیر کو دایہ کے پاس جانے سے روک دیا۔ غصہ کے ساتھ جھڑک کر دایہ کو اپنے گھر سے نکال دیا۔ نصیر ہمیشہ دایہ سے لگا رہتا تھا۔ اب دایہ نصیر کے گھر نہیں رہی۔ اس لئے نصیر دایہ کی رٹ لگاتا رہا یہاں تک کہ وہ بیمار ہوگیا۔ شاکرہ کے رویہ سے تنگ آکر دایہ گھر کے باہر نکل گئی۔ دامیہ کو گھر میں نہ پاکر نصیر رونے لگا۔ شاکرہ نصیر کو یہ کہہ کر تسلی دینے لگی کہ دایہ اس کے لئے مٹھائی لانے گئی ہے اور آتی ہی ہوگی۔ مگر نصیر ہرگز سنبھل نہیں رہا تھا۔ یہاں تک کہ اسے بخار چڑھ گیا۔ ڈاکٹروں کا علاج بھی بے سود ثابت ہوا۔ ابر حسین نے نصیر کی بیماری کا الزام اپنی بیوی شاکرہ پر دھرنے لگے اور کہنے لگے کہ اگر بچے کو کچھ صابر ہو صابر حسین نے شاکرہ سے کہا کہ اب ہم اس دامیہ کو تلاش کرکے پھر سے گھر واپس لانا ہوگا۔ شاکرہ جائے تو اس کے خون کا الزام تمہارے ہی اوپر ہوگا۔ نہ مانتے ہوئے بھی مجبوراً دایہ کو گھر واپس لانے کے لئے مان لیا۔ جب نصیر کی حالت بہت خراب ہوگئی تھی، وہ دو دنوں سے آنکھیں بھی نہیں کھول رہا تھا، تو صابر حسین نے سوچا کہ اس کا واحد علاج عباسی دایہ ہی ہے۔ اس لئے وہ عباسی سے ملنے گئے۔ اسی دوران عباسی نے حج کا ارادہ کرلیا اور اس کی تیاری کرنے لگی۔ جب عباسی کو نصیر کی بیماری کا پتہ چلا تو اس نے اپنے حج کا ارادہ بدل دیا۔ اس نے ٹرین سے فوراً اپنا سامان اتارا اور سیدھے صابر حسین کے گھر واپس لوٹیں۔ عباسی نے سوچا کہ اگر میں نصیر کی جان بچاؤں گی تو وہی میرے لئے حج سے بڑا ثواب ہوگا۔

AKWA ACADEMY

مٹی کی بو -مترجم - مختار بدری

کردار- بلبیر سنگھ، جینت، رنجیت اور پاروتی۔

خلاصہ:بلبیر سنگھ ایک معمولی کسان تھا۔ وہ کھیتی باڑی کر کے اپنا گزارا کرتا تھا۔جینیت وایت میں لکھ کے روپئے تھے۔ یہ سکھ نے نہیں بیچ کر اب تک پڑھایا۔ مگر دونوں سے روز گار تھے۔ اس لئے بچوں کے دل میں یہ بات پیدا ہوئی کہ وہ باپ کا کھیت بیچ دیں گے اور شہر جا کر ریل اسٹیٹ کا کاروبار کریں گے۔ یہ سوچ کر انہوں نے باپ سے اپنے دل کی بات کہی۔ باپ بہت پریشان ہوا۔ اس نے ان کی یہ بات نہ مانی۔ مگر بچوں نے یہ دھمکی دی کہ اگر ایسا نہ ہوا تو وہ پنچایت بلائیں گے۔ بالآخر باپ نے بچوں کی بات مان لی مگر ایک شرط پر کہ انہیں چھ مہینے کھیت میں کام کرنا ہوگا اور کوئی ان کا ساتھ نہیں دے گا۔ اس کے بعد کھیت ان کے حوالے کر دیا جائے گا۔ دونوں بچے بہت خوش ہوئے۔ اس کی بیوی پاروتی جو یہ تماشا دیکھ رہی تھی، غصہ میں آگئی۔ اس نے کہا آپ نے خواہ مخواہ اپنی بات کر دی، لڑکے صرف پیسہ دیکھنا چاہتے ہیں۔ آپ ان کی باتوں میں نہ آئیں۔ بلبیر سنگھ نے کہا۔ تم فکر نہ کرو پاروتی، یہ مٹی عزیزوں اور دوستوں سے زیادہ تجربے سکھاتی ہے۔ ہمارے لڑکے زمین کا سودا نہیں کریں گے۔ دونوں بھائیوں نے یہ مشورہ کیا کہ ہم اس کھیت میں خوب محنت کریں گے۔ جب فصل اچھی اگے گی تو تبھی ہم اپنے پتاجی سے یہ جائیداد مانگ سکتے ہیں۔ اس طرح ان دونوں بھائیوں نے کھیت میں دل لگا کر محنت کی۔ اس کا نتیجہ بھی بہت اچھا نکلا۔ چار مہینے بعد جب باپ نے ان سے دریافت کیا تو انہوں نے کہا کہ اب ہمیں فصل کی کٹائی کرنی ہے۔ ہم نے زراعت سیکھی ہے، اس کے ساتھ قدرت سے پیار کرنا بھی سیکھا ہے۔ اب ہم دوسرے کسانوں کی طرح تہوار (پنگل) منائیں گے۔ آئندہ اس زمین کو بیچنے کی بات نہیں کریں گے۔ آپ ساتھ مل کر اس زمین میں محنت کریں گے۔ باپ بہت خوش ہوا، اس کی آنکھیں بھیگ گئیں۔ اس نے اپنے دونوں بیٹوں کو لپیٹا اور کہا کہ یہ دھرتی ہمارا بوجھ اٹھائے گی، وہ صرف یہ چاہتی ہے کہ ہم اس کی حفاظت کریں اور اس سے پیار کریں۔

AKWA ACADEMY

ممنوعہ جزیرہ - امیر النساء

خلاصہ: افسانہ ممنوعہ جزیرہ کے تخلیق کار امیر النساء ہیں۔ حالانکہ مضمون نگار ساری دنیا کا چکر لگا چکی ہیں، قدرت کے نظاروں پر متحیر تھیں، مگر اس پر اسرار باغیچہ کو انہوں نے آج تک نہیں دیکھا جس کے پھول بالکل ہی مختلف تھے۔ ہر طرف گھاس کا قالین بچھا ہوا تھا۔ محل کے دائیں اور بائیں جانب دودھ اور شہد کی نہریں بہہ رہی تھیں۔ باغیچہ میں داخل ہوتے ہی انہیں پر اسرار آواز سنائی دی "واپس لوٹ جاؤ، بی محل صرف ان لوگوں کے لئے ہے جو لوگوں کے حقوق احسن طریقے سے ادا کرتے ہیں۔ وہ گھبرا کر باہر نکل آئیں۔ اس کے بعد وہ ایک اور محل میں داخل ہونا چاہیں۔ اس کے دروازے پر جلی حروف میں لکھا ہوا تھا کہ یہ ان لوگوں کے لئے جو امین اور صادق ہیں۔ وہاں سے بھی یہ باہر نکل آئیں۔ ایک اور محل میں داخل ہونے کی کوشش کی مگر ایک رعب دار آواز نے ان کے داخلہ کو روک دیا کہ یہ دروازہ وہی کھول سکتے ہیں جو منافق نہیں ہیں، یعنی ان کا ظاہر اور باطن ایک ہے۔ چنانچہ اس باغیچہ کے محلوں کے عمارتوں کے دروازے صرف ان لوگوں کے لئے ہی کھل سکتے تھے جنھوں نے دنیا میں کسی کو دھوکہ نہیں دیا، ریاکاری نہیں کی کسی پر بہتان نہیں لگایا، حرام نہیں کھایا، ایک دوسرے پر ظلم اور غضب نہیں کیا۔ حالانکہ اس محلات میں ہر قسم کے پھل، پانی، دودھ اور شہد کی نہریں بہہ رہیں تھی۔ مگر ان تک رسائی ممکن نہیں تھی۔ آخر وہ تھک ہار کر بیٹھ گئیں۔ وہاں موجود انجانی مخلوق افسانہ نگار سے بار بار یہی سوال کرتی رہی کہ وہ اپنی اکٹھا کی ہوئی دولت سے زادراہ کے طور پر اپنے ساتھ کیا لائی ہے؟ وہ سوچ میں گم ہو گئی کہ میں نے دنیا میں کیا کیا۔ ہمیشہ میں نے دوسرے کے حقوق چھینے، منافقانہ رویہ اختیار کیا۔ دنیا میں ہمارا ایک ہی مقصد یہ تھا کہ وہ کیسے ایک دوسرے کا حق چھین کر اپنا بینک بیلنس بڑھائیں۔ یہی چیز ہم نے اپنی اولاد کو کھائی۔ دنیا میں سکھ اور چین کے لئے ہر قسم کے محلات بنوائے۔ اچانک طبیعت خراب ہوئی، ڈاکٹروں نے ہمت ہار دی اور وہ اس جزیرے میں چلی آئی۔ اب وہ سوچنے لگی کہ اس کی کمائی ہوئی ساری دولت دے کر کم از کم ایک مٹھی بھر زمین خرید لوں۔ حالانکہ دو فرائض دیگر عبادت واذکار اور تلاوت سے بھی غافل نہیں تھی۔ کیا وہ اس کے لئے کام نہیں آئے گا۔ جیسے ہی اس نے یہ سوچا، ایک کمپیوٹر مشین اس کے آگے آئی اور اس کی نیکیوں اور برائیوں یکارڈ پیش کرنا شروع کیا۔ اعمل کے ریکارڈ میں رائیاں نیکیوں سے بڑھ گئیں۔ اور مشین میں ایک نوٹ لکھا ہوا تھا۔ "حقوق اللہ میں رعایت ہو سکتی ہے، مگر حقوق العباد میں نہیں"۔ اس افسانے کا مرکزی خیال یہ ہے کہ انسان چاہے لاکھ بھی دنیا کمالے، اسے حقوق العباد میں ذرا برابر بھی کوتاہی نہیں کرنی چاہئے۔ کیوں کہ حقوق اللہ میں رعایت ہو سکتی ہے، مگر حقوق العباد میں نہیں"

Kindly Send me Your Key Answer to Our email id - Padasalai.net@gmail.Com

تخت طاوس - واجدہ تبسم

کردار - یوسف، زینت، اورلڑکی

خلاصہ: یہ کہانی ایک غریب بیوہ عورت کی ہے جس کا نام زینت ہے۔ اس کا اکلوتا بیٹا، جس کا نام یوسف ہے۔ اس کی پیدائش سے دو ماہ قبل ہی اس کے باپ کا انتقال ہو گیا۔ زینت مجبور ہو کر ایک گھر میں کام کاج کے لئے چلی جاتی ہے، جہاں پہلے سے ایک چھوٹی بچی ہوتی ہے، جس کی ماں انتقال کر چکی ہوتی ہے۔ زینت اپنے بچے یوسف کے ساتھ ساتھ اس بچی کی بھی پرورش کرتی ہے۔ دونوں ایک ساتھ بڑے ہوتے ہیں۔ یوسف بڑا ہو کر فوج میں بھرتی ہو جاتا ہے۔ وہ باقاعدہ ماں کو ماہانہ اپنی تنخواہ میں سے 25 روپے بھیجتا ہے۔ جسے وہ اپنے بیٹے کی شادی کے لئے سامان خریدنے میں استعمال کرتی ہے زینت ہمیشہ ہر پندرہ دن میں یوسف کے لئے خط اس لڑکی سے لکھواتی ہے۔ جس کا جواب پندرہ دن میں آجاتا تھا۔ اچانک ایک بری خبر یہ آئی کہ یوسف جنگ میں مارا جاچکا ہے۔ لڑکی بہت روئی اور اس راز کو اس نے اماں کو نہیں بتلایا۔ وہ نہیں چاہتی تھی کہ ماں پر مزید غم کا بوجھ پڑے۔ اس لئے اس راز کو چھپائے رکھا زینت حسب معمول لڑکی سے خط لکھواتی، جس کا جواب بھی لڑکی ہی لکھتی اور ہر ماہ کسی نہ کسی طرح اماں کے لئے 25 روپے کا منی آرڈر کرتی۔ اماں بھی ان پیسوں سے اپنی بہو کے لئے کچھ نہ کچھ سامان خریدتی۔ آخر اس لڑکی کی شادی کا وقت بھی آگیا۔ وہ پریشان رہتی تھی کہ آخر اماں کا کیا ہو گا۔ وہ اس راز کو کیسے پالے گی؟ وہ چاہتی تھی کہ اماں کو بھی اپنے ساتھ اپنے سسرال لے جائے۔ ایک دن اچانک اماں نے اس لڑکی کو بلایا اور کہا کہ مجھے نمونیہ ہو گیا ہے۔ ہو سکتا ہے کہ یہ میرا آخری وقت ہے۔ میں تم سے کچھ کہنا چاہتی ہوں۔ اماں نے تکلیف سے کہنا شروع کیا۔ جس دن یہ خط آیا تھا کہ یوسف جنگ میں مارا جاچکا ہے، اور جب یہ پیغام تم ماموں جان کو سنا رہی تھی اور یہ کہہ رہی تھی کہ مجھے کچھ نہ بتانا، میں بھی پڑوس کے کمرے میں کھڑی چپ چاپ سن رہی تھی۔ میں نے اس غم کو اپنے اندر دبا دیا۔ میں یہ نہیں چاہتی تھی کہ تو مجھے غم گین دیکھے اور میں بھی تیرے آنسو دیکھوں۔ لڑکی دم بخود رہ گئی۔ اس کے بعد اماں نے کہا۔ تم نے کیا سمجھا تھا کہ یہ ساری چیزیں جو میں نے میری بہو کے لئے خریدے ہیں، اصل میں میں نے تیرے لئے خریدے ہیں۔ تو چاہتی تھی کہ مجھے چاندی کے تخت پر بٹھائے گی، مگر تو نے تو مجھے تخت طاؤس پر بٹھا دیا۔

Kindly Send me Your Key Answer to Our email id - Padasalai.net@gmail.Com

بدذات- مبشرہ ناز

کردار - عثمان شاہ، راحیل، خیر النساء، علی اور عمر

خلاصہ: عثمان شاہ کی بیوی جڑواں بچے جنم دینے کے بعد اس دنیا سے رخصت ہوگئی۔اس لئے اس کی اماں نے اس کی دوسری شادی ایک لڑکی خیر النساء سے کروادی جس کا ایک لڑکا تھا۔اس کا نام راحیل تھا۔اماں نے خیر النساء کا تعارف اس طرح کرایا کہ بیٹا یہ بہت اچھی عورت ہے اور بہت دکھی بھی ہے۔تیرے گھر اور بچوں کو بہت پیار سے سنبھال لے گی،پس اپنے بچوں کو خاطر تجھے اس کے بچے کو بھی گھر میں برداشت کرنا پڑے گا۔وہ اس بدذات کو بھلا کہاں چھوڑے گی۔راحیل بہت ہی اچھا لڑکا تھا۔وہ اپنے حسن و اخلاق سے دادی ماں،اپنی امی اور ابو کے ساتھ اچھی طرح پیش آتا تھا۔اس کے باوجود دادی ماں اسے بدذات کہہ کر پکارتی اور ڈرامہ باز کہتی۔ راحیل اپنے ابو کی ہمیشہ خدمت کرتا تھا۔ان کے جوتے پالش کرتا اور ان کے ہر کام میں ان کی مدد کرتا تھا۔ایک دفعہ ابو کے اٹلی کے بھارے جوتے خراب ہوجانے پر راحیل نے ان کی مرمت کی،جس سے خوش ہوکر ابو نے پانچ سو روپئے انعام میں دئے۔اس دن راحیل بھی بہت خوش تھا۔عثمان شاہ کے جڑواں لڑکے اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے لئے بیرون ملک گئے،وہیں انہوں نے شادیاں کیں اور وہیں مقیم ہوگئے۔کبھی کبھار عثمان شاہ کے ہاں تشریف لاتے تھے۔راحیل ہمیشہ عثمان شاہ کی خدمت کرتا۔اسے ابو کہہ کر پکارتا۔ اتنی ساری خدمت کے باوجود عثمان شاہ کو راحیل کے لئے ہمدردی نہیں تھی۔کیوں کہ اماں نے پہلے ہی بدذات کا لفظ اس کے دماغ میں بھر دیا تھا۔مگر راحیل نے بھی اس کا نوٹس نہیں لیا۔جب دادی اماں بیمار پڑیں تو راحیل نے ان کی بہت خدمت کی،انہیں ہسپتال لے گیا، ان کے ساتھ رات میں ہسپتال میں رہا،یہاں تک کہ مرنے کے بعد ان کی آخری رسومات میں بھی شریک رہا۔وقت گزرتا گیا۔اچانک عثمان شاہ کے پیر مفلوج ہوگئے۔اسے ایک ایوارڈ لینے کی تقریب میں جاتا تھا۔راحیل نے اپنے ابو کو اچھے کپڑے پہنائے۔جھیل چیر میں بٹھایا اور ایوارڈ لینے کے اسٹیج تک اسے لے گیا۔ایوارڈ لینے کے بعد اپنے ابو کے گال پر بوسہ دیا اور کہا I am proud of you Baba عثمان شاہ پر اس کا کوئی اثر نہیں پڑا۔تقریب کے بعد راحیل عثمان شاہ کو ایک جوتوں کی دوکان لے گیا کہ وہ اپنی پسند کے جوتے لے لے۔ جوتوں کی دوکان میں لوگوں نے بتایا کہ یہ دوکان راحیل کی ہے اور وہ اس کا مالک ہے۔دنیا کے بہترین جوتے راحیل کے ہاتھوں تیار ہوتے ہیں تو عثمان شاہ دم بخود رہ گیا۔راحیل نے بتایا کہ ایک مرتبہ آپ نے جوتے پالش کرنے کی خوشی میں پانچ سو روپئے دئے تھے،ان روپیوں سے میں نے جوتے تیار کرنا سیکھا۔اس وقت میرے ہاتھوں میں کئی زخم آئے تھے۔میں نے محنت اور لگن سے جوتے بنانے سیکھے جس کا نتیجہ آج میری یہ دوکان ہے اور پوری دنیا میں میرے جوتوں کا نام مشہور ہے۔اب عثمان شاہ کی انا میں تبدیلی آئی۔اتنا ذلیل کرنے کے باوجود راحیل نے کچھ بتائے بغیر ہم سب کی خدمت کرتے ہوئے اپنی محنت سے اتنا بڑا کاروبار بنایا ہے۔آج زندگی میں عثمان شاہ کو احساس ہوا کہ کاش میں اس سے محبت کا سلوک کرتا۔پہلی بار اس نے راحیل کا منہ چوما اور کہا۔

AKWA ACADEMY

Kindly Send me Your Key Answer to Our email id - Padasalai.net@gmail.Com

PUBLIC EXAM QUESTION PAPER – MAY 2022

ذیل کے صحیح جواب انتخاب کرکے اپنے جوابی پرچے پر لکھئے۔

1۔حضرت یوسف۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کے لئے مشہور تھے۔

(الف)حیا (ب)قوت (ج)بہادری (د)دولت

2۔ضیاء کے معنی۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

(الف)تاریکی (ب)روشنی (ج)تنہائی (د)اندھیرا

3۔شکوہ اور جواب شکوہ کی معرکتہ الآرا نظم ہے۔

(الف)غالب (ب)علامہ اقبال (ج)ذوق (د)شبلی نعمانی

4۔یہ شکایت نہیں ہیں ان کے خزانے۔۔۔۔۔۔۔۔

(الف)منظور (ب)معمور (ج)مستور (د)محفوظ

5۔WHO کا مطلب۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

(الف)عالی تعلیمی ادارہ (ب)عالمی ادارہ صحت (ج)عالمی انسانی حقوق کا ادارہ (د)عالمی کھیل کا ادارہ

6۔انسانی حقوق کا سب سے پہلے اسلام نے پیش کیا تھا۔

(الف)مشورہ (ب)کلام (ج)خیال (د)اصور

7۔مولانا ابو الکلام آزاد ہندوستان کے۔۔۔۔۔۔۔۔۔وزیر تعلیم تقرر ہوئے۔

(الف)تیرے (ب)دوسرے (ج)چوتھے (د)پہلے

8۔حضرت عائشہ کے والد کا نام۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

(الف)حضرت عثمان (ب)حضرت ابو بکر (ج)حضرت عباس (د)حضرت عمر

9۔جنس کی قسمیں ہیں۔

(الف)تین (ب)دو (ج)چھ (د)چار

10 مذکر کی پہچان کیجئے:

(الف)چھری (ب)پیالی (ج)سبزی (د)لکڑا

11. جنس غیر حقیقی کی نشاندہی کیجئے:

(الف) بکرا (ب)لڑکا (ج)شیشہ (د)گھوڑا

12 کلمہ کی۔۔۔۔۔۔۔۔قسمیں ہوتی ہیں۔

(الف)چھ (ب)دو (ج)پانچ (د)چار

AKWA ACADEMY

Kindly Send me Your Key Answer to Our email id - Padasalai.net@gmail.Com

13 مجتبی حسین کی ـــــــــــــــ کہانی ہے۔

(الف) کسی سے نہ کہنا (ب) مرزا کی یاد میں (ج) بدذات (د) حج اکبر

14. بلبیر سنگھ ایک ـــــــــــــــ تھا۔

(الف) سیاستدان (ب) استاد (ج) تاجر (و) کسان

کسی تین سوالات کے جوابات لکھئے۔

15۔ حضرت ایوب کسی وصف کے لئے مشہور تھے؟

16. مومن خان مومن کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟

17۔ شاعر کی نظر میں پیغام قضا سے کیا مراد ہے؟

18 شکوہ اور جواب شکوہ کا مطلب بیان کیجئے۔

کسی دو سوالات کے جوابات لکھئے۔

19۔ انسولن کے کہتے ہیں اسکی وضاحت کیجئے۔

20۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے راستے کے کیا حقوق بتائے ہیں؟

21۔ مولانا آزاد کے والد کا نام کیا تھا اور وہ علاج کے لئے کہاں آئے؟

کسی سات سوالات کے جوابات مختصر طور پر لکھئے۔

22 صحیح اردو لکھئے۔ (الف) تمہیں کال پڑھ تھیں سو (ب) صباں کو گاؤں کو جاتوں ہو

23. املا درست کیجئے: (الف) والدین کے ساتھ اچھا برتاؤ کرو۔ (ب) تاج محل بھوت خوبصورت ہے۔

24. الفاظ کی الٹ پھیر کو درست کیجیے۔

اناجوں سے غذا سے مٹی کے خزانوں سے ہوا سے پانی سے برسات سے طوفان سے

25 وصل" اور "فراق" کے معنی بتایئے:

آگیا گر وصل کی شب بھی کہیں ذکر فراق وہ ترا رو رو کے مجھ کو بھی رلانا یاد ہے

26 مستقل کلموں کی قسمیں لکھئے۔

27 مذکر اسموں کی مؤنث لکھئے: (الف) سبزہ (ب) مغل

28 انکی ضد لکھئے: (الف) ظالم (ب) میزبان

29 ذیل کے مثالوں میں ضمیر کی شناخت کیجئے۔ (الف) وہ نہیں آیا (ب) میں آج نہیں جاؤنگا۔

30 دیئے گئے ضرب الامثال کے معنی لکھئے: (الف) اندھیر نگری چوپٹ راج (ب) آٹے کے ساتھ گھن بھی پس گیا۔

کسی دو سوالات کے جوابات لکھئے۔

31۔ حضرت آدم سے کیا خطا ہوئی تھی؟

32۔ میدانِ جنگ کی بہادری کا نقشہ کھینچیے۔

33۔ ریاضی کی تعریف کرتے ہوئے اہم شاعروں کے نام لکھئے۔

34۔ مومن کے کلام کی چند خصوصیات کا ذکر کیجئے۔

AKWA ACADEMY

Kindly Send me Your Key Answer to Our email id - Padasalai.net@gmail.Com

ذیل سے کسی دو سوالوں کے جواب دیجیے۔

35۔ سیرت النبی کی روشنی میں محتاجوں اور مسکینوں کا کیا حق ہے؟

36۔ انسولن ہارمون کی تحقیق پر ایک نوٹ لکھیے۔

37۔ حضرت عائشہ کی چند فضیلتیں بیان کیجیے۔

38۔ مولانا آزاد کے اندر کونسی خوبیاں پائی جاتی تھیں؟

ذیل کے کسی تین کے جواب لکھیے۔

39 انگریزی عبارت کا اردو میں ترجمہ کیجیے:

(a) A stitch in time saves nine. (b) A friend in need is a friend indeed.

(c) Pen is mightier than sword. (d) Anger is sworn enemy.

40. ذیل کے اشعار پر پوچھے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔

میں کھو کے تری راہ میں سب دولت دنیا
سمجھا کہ کچھ اس سے بھی سوا میرے لئے ہے

(الف) اس غزل کے شاعر کا نام کیا ہے؟ (ب) شاعر کیا چیز کھو دیتا ہے؟

(ج) تری راہ سے شاعر کی کیا مراد ہے؟ (د) شاعر سب کچھ کھو دینے کے بعد اپنے لئے کس چیز کی امید رکھتا ہے؟

41۔ گلیوں کی سڑکوں کو درست کرنے کی درخواست کرتے ہوئے میونسپل کمشنر کے نام ایک خط لکھیے۔

42۔ جنیت اور رنجیت نے اپنے باپ کی شرط کو کیسے پورا کیا؟

43۔ درج ذیل میں سے کسی تین کے مکمل حقوق تحریر کیجیے:

(1) ماں باپ (2) رشتہ دار (3) پڑوسی (4) بیمار

ذیل کے سوالوں کا جواب تفصیلی لکھیے۔ جواب دو صفحوں سے زائد نہ ہو۔ صرف تین سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔

44۔ (a) نظم شکوہ اور جواب شکوہ کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔ یا (b) حمد باری تعالی کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

45۔ (a) مضمون "حضرت عائشہ" کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔ یا

(b) اخلاق و عادات کے سدھارے متعلق سبق میں دیئے گئے اصولوں پر مکمل بحث کیجیے۔

46۔ (1) ممنوعہ جزیرہ افسانے کے مرکزی خیال کی وضاحت کرتے ہوئے افسانے کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ یا

(2) مٹی کی بو کہانی کا خلاصہ تحریر کرتے ہوئے ایک کسان اور زمین کے آپسی رشتہ کو واضح کیجیے۔

47۔ اپنی یادداشت کے سہارے نظم لکھیے۔

(الف) ہم نے تجھے جانا ہے۔۔۔۔۔ پانی سے ہوا سے

(ب) تم یوں ہی سمجھنا۔۔۔۔۔ فضا میرے لئے ہے

AKWA ACADEMY

Kindly Send me Your Key Answer to Our email id - Padasalai.net@gmail.Com

PUBLIC EXAM QUESTION PAPER – MARCH 2023

ذیل کے صحیح جواب انتخاب کرکے اپنے جوابی پرچے پر لکھے

1۔ حضرت یوسفؑ ـــــــــــــــ کے لئے مشہور تھے۔

(الف) حیا (ب) قوت (ج) بہادری (د) دولت

2۔ وہ نظم جس میں کسی شخص کے موت پر اظہار تاسف کیا جاتا ہے۔

(الف) مثنوی (ب) قصیدہ (ج) غزل (د) مرثیہ

3۔ نظم مساوات کے شاعر ـــــــــــــــ

(الف) شبلی نعمانیؔ (ب) اقبالؔ (ج) اکبرالہ آبادیؔ (د) آزادؔ

4۔ غزل خواں سے مراد کہنے والا ـــــــــــــــ

(الف) مرثیہ (ب) حمد (ج) غزل (د) نعت

5۔ انسانی حقوق کا ـــــــــــــــ سب سے پہلے اسلام نے پیش کیا۔

(الف) مشورہ (ب) کلام (ج) خیال (د) تصور

6۔ پرندے نے شکاری کو ـــــــــــــــ نصیحتیں کیں۔

(الف) پانچ (ب) دو (ج) آٹھ (د) تین

7۔ آزاد کے مشہور پرچے کا نام ـــــــــــــــ

(الف) لسان الصدق (ب) الھلال (ج) الندوہ (د) رقیت

8۔ میر تقی میر دہلی چھوڑ کر ـــــــــــــــ چلے گئے۔

(الف) میرٹھ (ب) بنارس (ج) اعظم گڑھ (د) لکھنو

9۔ قواعد میں لفظ کو ـــــــــــــــ کہتے ہے۔

(الف) فعل (ب) کلمہ (ج) فاعل (د) صفت

10۔ اسم کی ـــــــــــــــ حالتیں ہیں۔

(الف) چھ (ب) دو (ج) آٹھ (د) چار

11۔ وہ صفت جس سے کسی اسم کی کمیت یا تعداد معلوم ہو۔

(الف) صفت ضمیری (ب) صفت نسبتی (ج) صفت عددی (د) صفت مقداری

12۔ مرزا ہر کام کو رکھنے میں بڑی مہارت رکھتے تھے۔

(الف) اونچا (ب) اپ ٹوڈیٹ (ج) پینڈنگ (د) باقی

AKWA ACADEMY

Kindly Send me Your Key Answer to Our email id - Padasalai.net@gmail.Com

13۔ ممنوعہ جزیرہ کے افسانہ نگار کا نام

(الف) کرشن چندر (ب) مجتبیٰ حسین (ج) امیر النساء (د) پریم چند

14۔ افسانہ دل ہی تو ہے میں کردار ____________

(الف) نعیم (ب) اشرف (ج) راحیل (د) شریف

کسی تین سوالات کے جوابات لکھئے۔ جوابات دو یا تین سطروں میں لکھئے۔

15۔ شاعر نے اپنے دل میں کیا ٹھانی تھی؟

16۔ مرثیہ کے دو اہم شاعر کون ہیں؟

17۔ میر انیس نے اپنی رباعی میں کیا پیغام دیا ہے؟

18۔ فیض وطن کی جدائی سے افسردہ کیوں نہیں ہیں؟

کسی دو سوالات کے جوابات لکھئے۔

19۔ کیا شوگر کا مکمل طور پر علاج کیا جا سکتا ہے؟

20۔ مولانا آزاد کے اندر کونسی خوبیاں پائی جاتی ہیں؟

21۔ ٹیپو سلطان کا تاریخ ساز جملہ کونسا ہے؟

کسی سات سوالات کے جوابات مختصر جواب پر لکھئے۔

22۔ صحیح اردو میں لکھئے۔ (1) تمے کائی کو کھڑیں سو (2) تمے کاں جاتیں ہو

23۔ املا درست کریں (الف) میں نے ویلور جاناہے (ب) وہ دن بدن کمزور ہورہاہے

24۔ الفاظ کے الٹ پھیر کو درست کیجئے۔ رات دن بہانا آنسو چپکے چپکے یاد ہے عاشقی کا وہ زمانہ اب تک ہم کو یاد ہے

25۔ "معمور" اور "شعور" کے معنیٰ لکھئے۔

یہ شکایت نہیں ہیں ان کے خزانے معمور نہیں محفل میں بھی جنھیں بات کرنے کا شعور

26۔ صفت عددی اور صفت مقداری میں کیا فرق ہے؟

27۔ ذیل کے جملوں میں فعل، فاعل، اور مفعول پہچانئے۔

(الیف) رشیدہ سبق پڑھ رہی ہے۔ (ب) استاد نے شاگرد کو سزا دی۔

28۔ ان کی جمع لکھئے۔ (الف) شکایت (ب) ذخیرہ

29۔ ان کی ضد لکھئے۔ (الف) رنج (ب) کامیابی

30۔ ذیل کے ضرب الامثال کے معنیٰ لکھئے۔

(الف) دودھ کا دودھ پانی کا پانی (ب) ایک مچھلی سارے تالاب کو گندہ کرتی ہے۔

کسی دو سوالات کے جوابات لکھئے۔

31۔ رسول کو پہچاننے میں کس کی پہچان ہوتی ہے؟

32۔ میدانِ جنگ کی بہادری کا نقشہ کھینچے۔

33۔ شیریں بیانی کی دس الگ الگ خوبیوں کو ترتیب کے ساتھ لکھئے۔

34۔ اسلام سے پہلے عرب کی کیا حالت تھی؟

AKWA ACADEMY

Kindly Send me Your Key Answer to Our email id - Padasalai.net@gmail.Com

ذیل سے کسی دو سوالوں کے جواب دیجئے۔

35۔رسول اللہ نے راستے کے کیا حقوق بتائے ہیں؟

36۔انسولن کسے کہتے ہیں؟اس کی وضاحت کریں۔

37۔حاتم طائی اور ان کے مہمان کے واقعہ کو مختصر لکھئے۔

38۔خواجہ آتش کے لطیفے کو اپنے الفاظ میں لکھئے۔

ذیل کے کسی تین کے جواب لکھئے۔

39۔ذیل کے جملوں کا اردو میں ترجمہ کیجئے

(a) Man proposes God disposes

(b) A stitch in time saves nine.

(c) Success is when your signature becomes an autograph

(d) Anger is a sworn enemy.

40۔ذیل کے اشعار پر پوچھے گئے سوالات کے جوابات لکھئے۔

جان تم پر نثار کرتا ہوں میں نہیں جانتا مدعا کیا ہے

(الف)اس غزل کے شاعر کا نام کیا ہے؟

(ب)اس شاعر کا تخلص بتائیے۔

(ج)شاعر کس پر جان نثار کرنا چاہتا ہے؟

(د)نثار کرنا" مطلب بتائیے۔

41۔سائکیل کی چوری کی رپورٹ دیتے ہوئے،پولیس کمشنر کے نام خط لکھئے۔

42۔جنیت اور رنجیت نے اپنے باپ کی شرط کو کیسے پورا کیا؟

43۔کسی سے نہ کہنا کا سلسلہ کس طرح شروع ہوا؟ مختصر لکھئے۔ہوا لکھئے۔

ذیل کے سوال کا جواب تفصیلی طور پر لکھئے۔جواب دو صفحوں سے زائد نہ ہو۔صرف تین سوالوں کے جواب لکھئے۔

44۔ (الف)"حمد" کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھئے۔ (یا) (ب)نظم مساوات کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیں۔

45۔ (الف)مضمون حضرت عائشہ کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیں۔ (یا)

(ب)ڈاکٹر اے-پی-جے۔عبدالکلام کی حیات اور کارناموں اپنے خیالات کا اظہار کریں۔

46۔ (الف)منشی پریم چند کا افسانا حج اکبر کا پس منظر واضح کرتے ہوئے اس کا خلاصہ لکھئے۔ (یا)

(ب)بدذات" افسانے کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیں۔

47۔اپنی یاداشت کے سہارے نظم لکھئے۔

(الف)ہم نے تجھے (سے) پانی سے ہوا سے(تک)

(ب)توحید تو یہ (سے) برا میرے لئے ہے(تک)

AKWA ACADEMY